کړی، هغوی ته د سزا ورکولو کومے طریقے ورکوی- پرون چه ځمونږه په دے هاؤس کښې یو منسټر صاحب پاڅیدو او هغه په کومه طریقے سره، د هغه سرکاری ملازمینو متعلق دا جواب اوکړو، چه دا خو درے دی، چه مونږه درے سوه، داد هغوی الفاظ نه دی جی، دا د هغوی خبره نه ده، خنے داسے وزیران صاحبان شته دے چه چوسنیٔ ورته واخلمه چه خله کښې ورکړمه چه ماشومان یئی، تاسو دا رَوے، او نوره تاسوله د خبرو کولو څه طریقه نه درځی- دا طریقه ده، د سرکاری افسرانو د Dismiss کولو، جناب سپیکرصاحب ! چه مونږه کومه خبره په دے هاؤس کښې کوؤ نو د هغه خبره سبا په اخباراتو کښې نه وی، هغه دوی څنګه طریقے سره لری کړی- نن د امن وامان متعلق ما دا خبره کول غوښتل جناب سپیکرصاحب! چه د پیښور اردګرد نه، په ټوله صوبے کښې، په ډی آئی خان کښې، په سوات کښې، په هزاره کښې، پرون چه د دے هاؤس یو معزز ممبر اودریدو، هغوی د مانسهرے کوم صورت حال پیش کړو، جناب سپیکر صاحب! دا حکمران جماعت، د وزیراعظم د داماد د ضلعے کوم صورت حال چه هغه پیش کړو، جناب سپیکرصاحب! په ملک کښې حالات داسے دی، چه د امن وامان د پاره پرامن ځائے جیل وو، جناب سپیکر صاحب! په ملک کښې خو بهر څوک پاتے کیدے نشی، امن وامان چه خراب شی نو سړے به جیل ته ځی- نو جیل کښې دا حالات شو، چه جیل کښې هم ته په حفاظت سره نه شی پاتے کیدے-یو معززسیاست دان سره چه کوم سلوک اوشی- مونږه دا خبره کوؤ چه قیدی د حکومت په رحم وکرم باندے وی، هغه چه هر څه صورت حال شوے دے، هغوی سره چه څومره ظلم شوے دے، که هغوی خپل ځان سره دا کړی دی، نو دا د حکومت د رویے په وجه باندے، جناب سپیکر صاحب! نه جیل محفوظ دے، نن ځما په صوبه‌کښې بهر کور محفوظ دے،پرون په دے کوهاټ روډ کښې غل ورغلے دے او د کور ټول خلق ئے تړلی دی او بیا ئے ډاکه ترے کړی ده، او بیا تلی دی، جناب سپیکر صاحب! په حیات آباد کښې زه اوسیږمه، ځما د کور سره جوخت کور دے، په هغے کښې د افغان مهاجر کور ته ماښام،مازیګر قضا، او ماښام کیدونکی وخت کښې سړی ورغلل او هغه

يتول کور والا ئے Fallen کړل او بيا ورته ئے اووئيل چه ديوال ته مخ کړئی او بيا هغه اولګيدل، د هغوی په مخ کښ ئے دغه ځامن مړه کړل او دا غله چه کوم دی دا د تهانړے په طرف په منډه لاړل، چا ترےپوښتنه او نه کړله، زه ورغلمه د تعزيت د پاره، ما ترے پوښتنه اوکړه، ما ورته اووئيل تاسو له څوک د حکومت خلق راغلی دی، څوک پوليس افسر درته راغلے دے، ما ته ئے اووئيل چه ځما دوه ځامن خو ئے مړه کړل، څوک راغلی نه وو، خو ځما د کورخوا کښ چه يو کور دے، د دے نه ټيلی ويژن پټ شوے وو، او هر ماښام به پوليس والا راتلل، ټيلی ويژن چه پټ شی، میں یہ نہیں سمجھ رہا کہ سردار صاحب کیا فرما رہے ہیں، لیکن جب میں تقریر ختم کروں، اگر وہ جواب دینا چاہے تو پھر دیں۔ نو جناب سپيکر صاحب! ما دا خبره کول غوښتل چه په حيات آباد کښ دا صورت حال پيدا شی، دا خو د بهر حال شو، ځما د حيات آباد حال شو، ځما د جيل حال شو۔ ځما د پيښور ښار حال شو، خو اسمبلی هم اوس محفوظه پاتے نه شوه۔ جناب سپيکر صاحب! په دے اسمبلی چيمبر کښ دوه وزيران په جنګ شو، (قہقہے) امن وامان حالات دومره خراب دی، حالات دومره خراب دی چه ځما په اسمبلئی کښ وزيران جنګيږی----

جناب یوسف ایوب خان: (وزیر بلدیات) سپیکر صاحب! اگر اجازت ہو۔ یہاں تو سارے وزیر بیٹھے ہیں۔ بقول فرید خان کے اور ان کے منہ میں چوسنی ہونی چاہیے۔ لڑائی جھگڑے تو ہونگے۔ فرید خان ادھر آجائیں جی' یہ بھی وزیر بن جائیں تو میرے خیال میں ساری چیزیں درست ہو جائینگی۔

جناب قائمقام سپیکر: آپ کیسے بول رہے ہیں۔

جناب فرید خان طوفان: آپ کو پتہ ہے کہ میں وزیر تھا اور میں نے وزارت چھوڑ دی ہے' میں جان کر نہیں جاؤنگا' میں وزارت چھوڑ کر جانا چاہتا ہوں' اور یہ بھی میں آپ کو بتا دوں کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں' حقیقت پر مبنی بات کر رہا ہوں۔ میں کسی کی توہین کی بات نہیں کر رہا ہوں۔ میں حقیقتاً کہہ رہا ہوں یہ طریقہ ٹھیک نہیں ہے' یہ جو میں کہہ رہا ہوں کہ آپ کی اسمبلی میں پرسوں کیا ہوا؟ اب ایک حکومت ذمہ دار ہوتی ہے امن و امان کے لئے تو کل حکومت کہاں تھی؟ اس جمہوری دور میں ایک حکومت کے لئے طاقت کا سرچشمہ جو ہے وہ اسمبلی ہے۔ حکومت اسمبلی سے باہر چلی گئی۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں

سردار مہتاب عباسی' چیف منسٹر صاحب سے کہ اب آپ کو کیا حق ہے حکومت کرنے کا' اب آپ آئینی طریقے سے اور قانونی طریقے سے آپ کو کیا حق پہنچتا ہے کہ آپ کی حکومت کے سب لوگ اس ایوان سے واک آؤٹ کر گئے' یہ دنیا کی پارلیمانی تاریخ کا ایک انوکھا واقع ہے۔ پوری دنیا کی پارلیمانی تاریخ میں کہیں ایسا نہیں ہوا کہ حکومت اسمبلی سے باہر جائے' اور اپوزیشن یہ تو ہماری لیڈرشپ کی ہمارے ممبران کی شرافت ہے کہ ہم نے حکومت بنانے کا اعلان نہیں کیا' ورنہ میں کہنا چاہتا ہوں کہ اس کے بعد اگر چیف منسٹر صاحب مجھے ڈسٹرب کر رہے ہیں لیکن میں ان کو کہتا ہوں کہ میں جو باتیں کہنا چاہتا ہوں' شاید وہ کچھ لوگ آپ کے سامنے نہ کہیں۔ اس لئے نہیں کہ مجھے چیف منسٹر' سردار صاحب سے ہمدردی ہے' مجھے اس چیف منسٹر کی کرسی سے ہمدردی ہے' کہ یہ جو کرسی ہے یہ ہمارے صوبے کے چیف منسٹر کی کرسی ہے اس پر جو بھی آدمی بیھٹتا ہے' اس پر لازم ہے کہ وہ اس صوبے کے مفادات' اس صوبے کے وزیر اعلیٰ کی یثیت سے' اس صوبے کے عوام کی خاطر یہاں کی فکر کریں' یہ میں اس لئے دُھرانا اہتا ہوں کہ ہمارے چیف منسٹر جو ہیں صوبے سے اکثر غیرحاضر رہتے ہیں' میں اس چیز دوبارہ اس لئے آرہا ہوں کہ وہ بار بار' سر! آپ مجھے گھنٹی دے رہے ہیں' میں آپ سے رض کرونگا' کیونکہ صوبے کا چیف منسٹر مجھے ڈسٹرب کر رہا ہے۔ تو آپ مجھے وقت دیجئیے' ، بات کرنا چاہتاہوں' صرف آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پرسوں جو حکومت نہیں تھی ر آج جو یہاں حکومت بیٹھی ہے' اس طریقے سے' نن چه دے کرسو باندے عاجزان ۔یبانان د سکول د ماشومانو غوندے کیښنو لی دی، دا چاکیښنو لی دی، دا ۔ف منسټر په یو ټیلی فون باندے، خما د وزیرانو صاحبانو چه حکومت به ۔ی امن وامان به قائمه وی او دا نظام حکومت به چلوی۔ د هغوی سره ۔نړه همدردی ده چه عاجزانو سره څه اختیار نشته دے، پرون چه دوی ۔یدل نو د دوی د حل د پاره د بهر نه سړے راغلو، چه هغه نه ممبر دے، نه ۔ دے نه وزیرعلٰی دے۔ جناب سپیکر صاحب! دا عاجزان وزیران چه دی، دومره اختیارات د دے د پاره غواړی چه امن وامان قائم شی، دا رات چه غوارمه خان د پاره نه غوارمه، دا خما عاجزان وزیران چه دی ۔ی وائی چه زه د درے په خائے باندے درے سوه اوباسمه، دے عاجز ۔تیار کوم خائے کښی دے۔ ماته پته ده چه د خپل ډیپارټمنټ وزیرانو ته

سیکرټریان وائی چه بهرکیښېنئ، خمونږه انتظار اوکړئی- دا اختیارات زه ده د پاره غوارمه چه د وزیر یو خپله Dignity ده، د وزیر یو خپل عزت دے، د دے وزیر عزت به د چیف منسټر د لاسه به د هغوی عزت قائمیږی، ګنی نو د چیف منسټر په صوبه کښې،د چیف ایګزیکټیو دا طریقے چه کوم ئے خوښ وی، که هغه ممبر نه وی، قوم به ووټ هم ورله نه وی ورکړے، حکومت به هغه خلق کوی چه چا له ووټ نه وی ورکړے، وزیر به کابینه کښې هله حلف اخلی یو، او اختیار به د غیر منتخب سړی سره وی- جناب سپیکر صاحب! زه دا خبرے خکه کول غوارمه چه نن خمونږه صوبے ته ډیرے مسئلے ورپیښے دی-تاسو اوګورئی چه په قومی لیول باندے خما د Net Porfit خبره ده، احمدحسن خان اوکړه زه ئے دهُراوُمه نه، دا دلته د پی اینډ ډی میټنګ شوے دے- په دے اسمبلی پی اینډ ډی کمیټئی کښې، خمونږه د پی اینډ ډی سیکرټری چه کوم دے، هغه وائی چه مونږه له ئے پیسے نه دی راکړی، خما د صوبے د وزیراعلیٰ صاحب دا حق جوړیږی چه د دے صوبے د حق د پاره، د کرسئی پرواه او نه کړی، دریو اسمبلو چه د مسلم لیګ، پیپلز پارټئی، د جمیعت ممبران،او نور د ټولو پارټو ممبران ورکښې شامل وو، هغوی اوونیل چه دا کالاباغ ډیم مه جوړه وه، جناب سپیکر صاحب، زه دا خبره دے د پاره کول غوارمه چه میاں نوازشریف چه کوم دے هغه د ټول پاکستان وزیراعظم دے، میاں نوازشریف چه دے هغه د ټول پاکستان، خان ته د ټولو عوامو لیډر وائی او مسلم لیګ دا دعویٰ کوی چه واحد دا لیډر دے چه ټولو صوبو کښې ورته د خلقو سپورټ حاصل دے، زه ورته وایمه چه اے خما جمهوری وزیراعظم صاحب، په دے ملک کښې د څلورو یونټونو، د څلورو صوبو مشتمل یو مملکت دے او درے اسمبلئی تاته وائی چه کالا باغ ډیم مه جوړه وه او تاته یوه د پنجاب اسمبلی سفارش کوی چه دا کالاباغ جوړ کړه، زه تانه، جمهوری وزیراعظم صاحب پوښتنه کوم چه درے اسمبلئی چه درته وائی چه ډیم ئے جوړه وه، ته د چا خبره منے،چه ته د پنجاب خبره منے،او د دریو نه منے، زه مجبور یمه دا حقیقت زه بیان کومه، چه نن ته په خپلو پالیسو باندے خان صرف او صرف د پنجاب

وزیراعظم ثابترے، او که ته د پنجاب وزیراعظم نه ئے او ته جمهوری وزیراعظم ئے نو ته به د دریو صوبو خبره منے۔ جناب سپیکر صاحب! زه دا خبره د دے د پاره کومه چه نن خما د پنجاب د خلقو سرګ همدردی ده، خما د پاکستان سره همدردی ده، خما د پنجاب 60% Population د پاکستان دے، پاکستان پنجاب دے، زه د پنجاب خلقو ته دا وایمه چه اے دپنجاب خلقو، تاسو ته موجوده حکمران چه کوم دے دخپلو پالیسوپه وجه باندے آیا چه تاسو چه ورله ووټ ورکړے دے چه دشمنان جوړ کړی، چه ستاسو دشمنان شی نو دا به د سالیمت ته خیرشی؟ جناب سپیکرصاحب دا داسے خبرے دی چه زه ئے خکه کول غوارمه، چه دا داسے یوخانے دے چه په دے کښ وزیراعلی صاحب ناست دے زه ورته وایمه، چه ته په کالا باغ ډیم باندے پابند ئے تا ما سره ووټ کړے دے، تا په کالاباغ ډیم باندے په 1985 کښ ووټ ورکړے دے، ستا په پارټی په 1988ء کښ ووټ ورکړے دے، ستا پارټی په 1990ء کښ ووټ ورکړے دے، تا ماسره په معاهده دستخط کړے دے، که بل څوک نه منی نوازشریف دِ نه منی، پنجاب دِ وانی چه جوړ دِ کړی، ته د دے خبرے پابند ئے، د شرافت د اخلاقو دا تقاضا ده چه بحیثیت د پاکستان دیو غیرتی شهری، ته اودریږے او ته اووانے چه دا خما اخلاقی امتحان دے، په دے کښ په کرسئی باندے خما پرواه نشته، نواز شریف دِ خفه شی، پرائم منسټردِ خفه شی، او دا ماته پته ده جناب سپیکر صاحب! چه د پرائم منسټر اوخما د صوبے د چیف منسټر صاحب په مینځ کښ څومره اختلافات دی، هغه خبرے زه نه کول غوارمه چه کوم د دے خانے مناسب نه دی، زه د دے نه هم خبر یمه چه د پرائم منسټر، جناب سپیکر! تاسو ته زه عرض کول غوارمه، دا خبرے زه خکه کومه چه خما د صوبے چیف منسټر دے، زه ورته وایم چه که ته Behaviour کوی۔ خما د صوبے چیف منسټر ئے، مونږه تا سره یو، د پرائم منسټر پرواه مه کوه، ته اودریږه، ته غیرت اوکړه، ته پښتو اوکړه، ته د دے صوبے سرے شه، ته دلته کښ اودریږه او دے پرائم منسټر ته دا خبره اوکړه چه کالا باغ نامنظور خما اسمبلی ونیلی دی، چه تر څو پورے خما اسمبلئی سره تا خبره نه وی کړی، ته ئے نه شی جوړه ولے،

خما دا Net profit چه کوم دے، ما سرہ تا ایگریمنټ کړے دے، نواز شریف صاحب ما سره ایګریمنټ کړے دے، خما د پارټئی دا نره بی بی ناسته ده، دا اے جی این قاضی په فارموله باندے هغوی مونږ ه سره دا فیصله کړے ده، نن سبا د هغه فارمولے د بدلولو کوشش کیږی جناب سپیکر صاحب! زه تاسو ته دا وایمه، وانی چه خزانه خالی ده ---

میاں گل اسفندیار امیر زیب: (وزیر تعلیم): جناب سپیکر! دا په لاء اینډ آرډر باندے بحث روان دے۔

جناب فرید خان طوفان: زه په لاء اینډ آرډر باندے بحث کومه، دوی له خو تاسو که هغه خما خبره مو منلے وے چه چوسنی مو ورله ورکړے وے نودے به آرام سره ناست وے۔ چوسنی چوپه او ته دا دومره خبرے څه د پاره کوے، که ماله بیا راپاڅی، بیا به زه دا خبرے ورسره کوم، جناب سپیکرصاحب! زه تاسو ته دا عرض کول غوارمه، چه دا خبرے زه دے د پاره کوم چه نن په پاکستان کښ مسئلے د دے روزګار، د امن و امان، لاء اینډ آرډر، دفیډریشن د بچ کولو دا خبره راپیدا شوے ده، دا خبره په دے انداز باندے ده، چه په پاکستان کښ نورو دریو صوبو ته دا تاثر ورکړے کیږی چه تاسو د پاکستان په مملکت کښ هیڅ حیثیت نشته دے او چه دلته هره څه فیصله کیږی، اول به د پنجاب نه پوښتنه کیږی، دا که د هغوی خوښه وی خو ټهیک ده او که د هغوی خوښه نه وی نو هغه که ته تلاوت کوے، که ستا هغه ملا دِ قبول نه دے، که تا ته جمات د هغوی قبول نه دے نو دا خبره ستاسو په خدمت کښ عرض کول غوارمه جناب سپیکر صاحب! دا خو خما د ملک حالات دی، خما د اسمبلئی دا 83 ممبران چه دی، چه هغوی د دے صوبے حکومت جوړه وی په هغوی کښ څومره بے چینی ده - جناب سپیکر صاحب! وزیراعلیٰ صاحب دلته ناست دے، زه د هغوی په نوټس کښ دا خبره راوستل غوارمه چه دا په کوم قانون کښ لیکلی دی چه تاسو چه راغلئی او تاسو په دے اسمبلئی کښ اعلان اوکړوجناب سپیکر صاحب! زه د وزیراعلیٰ صاحب توجه دے طرف ته راګرځول غوارمه چه تاسو راغلئی او

تاسو دلته کښې اعلان اوکړو چه په دےصوبه کښې به هیچا سره به بے انصافی نه کیږی۔ د هغه علاقو سره چه کومے پسمانده پاتے شوے دی، د هغوی سره به انصاف کیږی۔ زه تاسو نه دا پوښتنه کومه چه آیا تاسو ته ډی۔ آئی خان، بنوں، لکی، کرک، کوهاټ بونیر او دیر د هزارے نه زیات ترقیافته ښکاری ؟ تاسو د دے علاقو سکیمونه په کوم انصاف لاندے د ټولو نه شفټ کوئی؟ آیا جناب سپیکر صاحب! تاسو په کوم قانون باندے چه د مرکز نه مونږ کوم سکیمونه په Legal طریقه باندے Process کړے دی او شوے دی، تاسو هغه بدلوئی، په چارسده او په کرک کښې دا انتقامی کارروائی روانه ده۔ مونږه دا خبره نه کوؤ، بالکل سوال مونږه نه کړے دے او نه کوؤ او نه داسے مطالبه کوؤ چه مونږ باندے څوک احسان اوکړی، مونږ دا وایو چه یو خبره کوئی مه چه وایئی چه زه پیښور ، تاسو د ټولے صوبے وزیر اعلٰی یئی، پیښور، چارسده ، مردان، صوابئی ستاسو په دے صوبه کښې راځی، او کنه تاسو په دے انتقام کوئی چه زه به صوبه کښې په پیښور، مردان ، چارسده، صوابئی کښې مزدورکار همیکښې ناست وی، نن چه صوبه کښې ستا کوم قوت دے، د مسلم لیګ Active کارکنان دی هغه خو ستا په دے ضلعو کښې دی، ته د هغوی سره دُشمنی کوے او ته وائے چه زه هزاره کښې ګیښنم۔ ته ایبټ آباد، هری پور ته ځے، زه دا خبره خکه کول غواړمه چه نن، خمونږ خو دا خیال وو چه چارسده، مردان صوابئی او نوښار سره خصوصاً دا سلوک کیږی۔ خو اوس مونږ ته دا پته اولګیږ چه نه جناب سپیکر صاحب! په هزاره کښې هم صرف خما دا وزیراعلٰی صاحب او خمونږه سابقه ډپټی چیف منسټر صاحب خکه چه اوس د هغوی په ځائے یو بل ډپټی چیف منسټر راغلے دے، هغه عاجز سره دا یو بل ډیر ظلم شوے دے۔ زه دا وایم چه دغه ځائے کښې روان دے۔ طارق سواتی صاحب نه پوښتنه اوکړه، سخی تنولی صاحب نه پوښتنه اوکړه، دا چه کوم ممبران دی، دوی نه پوښتنه اوکړه چه هغوی سره څه روان دی، خما جناب معلومات دی چه د حکومتی پارلیمانی پارټئی کښې هم دا مطالبه کیږی چه د صوبائی اسمبلئی ممبرانو حق چه کوم دے صوبائی اسمبلئی ممبرانو قانونی ینی او د هغوی د حیثیت مطابق Status ورکولو چه کوم حقدے، د هغے د

حکومت تدارک اوکړی۔ ما ته یادیږی چه خمونږ وزیراعلٰی صاحب چه کله حلف واغستو، هغے نه پس هر ممبر ته به نے وے چه" اب میں نہیں چاہوں گا کہ کسی ممبر کے بغل میں فائل ہو اور وہ سیکرٹیریٹ میں گھومے پھرے یہ ایک ممبر کی توہین ہے، آج وہ ممبر بغل میں فائل لے کر سیکرٹیریٹ میں داخل نہیں ہو سکتا، داخل نہیں ہو سکتا، جناب سپیکر صاحب۔

جناب قائمقام سپیکر: جناب فریدطوفان صاحب! آپ کو 25 Minutes مل گئے ہیں لاء اینڈ آرڈر پر اور یہ موضوعات آگے ایجنڈا میں شامل ہیں۔

جناب فرید خان طوفان: زه تاسو دے طرف ته--- زه یو خبره کومه۔

وزیر بلدیات: سپیکر صاحب! یہ لاء اینڈ آرڈر کی بحث ہے ذرا Kindly you should give them directions.

جناب فرید خان طوفان: زه صرف یو خبره کول غوارمه۔

Mr. Acting Speaker: Only one minute.

جناب فرید خان طوفان: جناب سپیکر صاحب! تاسو اوس اوس +++*

وزیر بلدیات: سر! نقل اُتار کر یہ باتیں کرنا This should be expunged please

Mr.Acting Speaker: Expunged.

جناب فرید خان طوفان: کیا Expunge، میں دوبارہ کہوں گا---(قہقہہ)

جناب قائمقام سپیکر: وہ عمل Expunge ہے، باتیں تو---

جناب فرید خان طوفان : جناب سپیکر صاحب! دا خبرے چه ما تاسو ته کول غوښتل، هغه ما تاسو ته اوکړے۔ ستاسو په ذریعه باندے زه دا خبره دلته کښې په ریکارډ باندے راوستل غوارمه جناب سپیکر صاحب چه خما په دے امن و امان په مسئله کښې خما د صوبے د حقوقو په مسئله کښې، خما د دے وطن د غریبو او د پښتنو د مفادو په حواله کښې زه د خپلے صوبے وزیراعلٰی صاحب ته چه ننه پورے اوس دا خبره به هغه ثابتوی چه آیا دے د دے یو چیف منسټر چه کوم وی، جناب سپیکر صاحب! دا خبره ختموم که تاسو ما ته توجه

---

*بحکم جناب سپیکر صاحب حذف کیا گیا۔

راکړه، د چیف منسټر د ټولو نه لوئے طاقت د هغه پارلیمانی پارټی وی، بیا د هغه اسمبلی وی او بیا د هغه د صوبے عوام وی. زه ورته وایم چه تا سره د صوبے عوام نشته، تا سره د خپلے پارلیمانی پارټئی ممبران نشته، تا ته د دے اسمبلی ممبرانو، ما ته پته ده جناب سپیکر صاحب! که دے خما غونتےعام ممبر شی، دے Resign ورکړی، ځکه چه اوس اخلاقی جواز نے پرون ختم شوے دے، حکومت بهر وتے دے. دے د استعفیٰ ورکړی او دلته د راشی او بیا د Vote of confidence واخلی نو مونږ به هغه اول خلق یو چه مونږ به دے تسلیم کړو. زه ستاسو ډیره شکریه ادا کوم. ډیره مهربانی شکریه السلام علیکم۔

جناب قائمقام سپیکر: میں اب جناب علی افضل جدون صاحب، وزیر قانون و پارلیمانی آفیئرز سے درخواست کروں گا کہ وہ ایجنڈے کے اس آئٹم کی بحث میں حصہ لیں اور Wind Up کریں۔ آپ جتنی دیر چاہیں بول سکتے ہیں کیونکہ آپ نے مطالبہ کیا تھا کہ میں کم از کم میں زیادہ بولوں گا۔

ارباب محمد ایوب جان: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر سر! لاءمنسٹر اس وقت On behalf of Chief Minister جواب دیتے ہیں جب آنریبل چیف منسٹر صاحب اسمبلی میں موجود نہ ہوں۔ چیف منسٹر صاحب کے پاس ہوم ڈیپارٹمنٹ بھی ہے تو میری آپ سے یہ ریکوئسٹ ہو گی اور آنریبل چیف منسٹر صاحب سے بھی ریکوئسٹ ہو گی کہ شاید وہ اس پر زیادہ اچھے طریقے سے اور تفصیلا" ہاؤس کو مطمئن کر سکیں کیونکہ یہ محکمہ بھی چیف منسٹر صاحب کے پاس ہے۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جناب سپیکر! میری گزارش یہ ہو گی محترم ممبر صاحب کے جواب میں، یہ بات نہیں ہے ہم نے جناب والا! آپ کے حکم کے مطابق، آپ نے رولز آف بزنس کے تحت سپیکرز کی لسٹ مانگی تھی کہ کون کون کس جانب سے Participate کرے گا تو اس لئے وہ لسٹ آ گئی اور اس میں تاریخ گزر گئی ہے اور ہم چونکہ ایک بڑی جمہوری جماعت ہیں تو اقتدار کا ناجائز فائدہ نہیں اٹھاتے اس لئے ہم اس بات سے، تاہم چیف منسٹر صاحب کا اپنا ایک استحقاق ہے۔ (قطع کلامی)

جناب قائمقام سپیکر: ویسے اگر ہاؤس چاہے تو ہم Rules Suspend کر سکتے ہیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: تاہم میں Kindly ایوان کی نمائندگی نہیں بلکہ As a

Minister for Law and Parliamentary Affairs چونکہ اس وقت وہاں کوئی موجود نہیں تھا اس لئے میں آپ کے حکم کی تعمیل کر رہا ہوں اور میں جناب ارباب صاحب سے معذرت کے ساتھ یہ عرض کرتا ہوں ۔ اگرچہ یہ بہت اچھا ہوتا آپ محظوظ ہوئے ----

وزیر جنگلات : یہ ضروری نہیں ہوتا کہ ہر بات کا جواب چیف منسٹر دیں، کوئی بھی منسٹر جواب دے سکتا ہے جی ----- (شور / قطع کلامیاں)

وزیر بلدیات : سپیکر صاحب ! لاء اینڈ آرڈر پر جو باتیں ہوئی ہیں وہ Irrelevent باتیں تھیں، اور ہم نے آرام سے سنی ہیں اب میرا خیال ہے کہ جو Winding Up speech ہے وہ بھی آرام سے سنیں --- (شور / قطع کلامیاں)

جناب قائمقام سپیکر : میرے خیال میں جناب علی افضل جدون کی تقریر میں سب سے زیادہ مداخلت ہوتی ہے --(شور / قطع کلامیاں)-- انہوں نے تقریر شروع کرنی ہے، میں نے ان سے ریکوئسٹ کی ہے --(شور)-- پلیز ------ ارباب صاحب ! آپ بیٹھیں تاکہ وہ اپنی تقریر شروع کریں ۔ آپ بیٹھ جائیں پلیز ۔ ارباب صاحب There is no point of order during the speech, there is no point of order during the speech of honourable Minister . Honourable Minister Ali Afzal Jadoon Khan.

وزیر قانون و پارلیمانی امور : جناب سپیکر ! میں جب بھی آتا ہوں تو کسی نہ کسی حادثے یا طوفان کا شکار ہوتا ہوں ----- (قہقہے)

جناب فرید خان طوفان : جناب سپیکر ! اب مجبور ہو کر میں ----

جناب قائمقام سپیکر : Please, No point of Order وہ یہ طوفان نہیں ہے ان کا آپ کی طرف اشارہ نہیں ہے، پلیز ----- (قہقہے)

وزیر قانون و پارلیمانی امور : جناب والا ! جناب سپیکر ! میری مراد فرید خان طوفان اسم با مسما نہیں تھا میری طوفان سے مراد سیلاب ،آندھیاں ،طغیانیاں وہ طوفان تھا --- (قہقہے) --- اور میں صرف اتنا عرض کروں گا، آغاز سے پہلے، اپنے محترم بھائی اورنگ زیب خان سے معذرت کروں کے ساتھ ------

جناب محمد اورنگ زیب خان : آج جمعہ ہے جی ۔

جناب قائمقام سپیکر: آج جمعہ ہے تو آپ آذان دینا چاہتے ہیں۔ بیٹھ جائیں پلیز۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جی، بہت بہت مہربانی ہے کہ انہوں نے، کیونکہ میں نے کل جمعہ کہہ دیا تھا میں اپنے بھائی کا مشکور ہوں کہ انہوں نے یہ یاد کروا دیا ہے اور میں جناب اورنگ زیب خان سے معذرت کے ساتھ یہ کہوں گا کہ

خدا تجھے کسی طوفان سے آشنا کر دے
کہ تیری بحر کی موجوں میں اضطراب ہو

جناب قائمقام سپیکر: وہ ایک طوفان سے آشنا ہیں -----(قہقہہ)--

جناب محمد اورنگ زیب خان: میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں جی۔

کہیں لہو کی صلیبیں نہ آہ کی زنجیر
بجھا بجھا سا وہ کم حوصلوں کی بستی میں

(قہقہے)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: ماشاء اللہ، یہ بہت اچھا ہوا ہے کہ میرے محترم بھائی کو بھی کچھ شعر کہنے کا مزید موقع مل گیا ہے۔ اس لئے میں نے یہ شعر کہا تھا کہ ان کو بھی موقع ملے کیونکہ اس دفعہ آپ نے ان کو گفتگو کا ٹائم کم دیا اور میرے دل میں بطور میرے سینئر بھائی کے ہمدردی ہے۔ (قطع کلامی)

جناب قائمقام سپیکر: پھر بھی آپ کو مجھ سے گلہ ہے۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: جناب والا! نہیں آپ سے گلہ نہیں ہے۔ جناب! گلہ تو نہیں ہے میں شکوہ بھی نہیں کر سکتا۔ تو میں اپنی بات کا آغاز کرتا ہوں کیونکہ میرے محترم بھائیوں کی، آنریبل ممبرز کی تقاریر بڑی دھواں دار تھیں اور جہاں لاء اینڈ آرڈر ہو وہاں کلاشنکوف، ڈاکہ، اغواء اور یہ تمام چیزیں اس کا ایک حصہ بن جاتی ہیں تو میں صرف یہ کہوں گا کہ آخری جو تقاریر تھیں تو یہ آپ کا بڑا حوصلہ ہے اور میں تو اپنی، ہمارے ہزارہ میں ہندکو کی زبان میں جس کو پشاور کے لوگ بھی جن کو ہندکو سے واقفیت ہے، وہ سمجھتے ہیں کہ اس موضوع پر جب تقریر ہو رہی تھی تو غالباً جو موضوع تھا اس پر کم اور موضوع سے زیادہ جو بات تھی اس پر زیادہ زور دیا گیا تو میں یہ بات کر رہا تھا آنریبل ممبر سے کہ یوں پتہ چلتا تھا کہ

"انی پیوے تے ڈوری چٹے تے آٹا کیوں نہ کٹے"

اب اس کے ترجمہ کے لئے میں گزارش کروں گا ارباب صاحب سے کہ اگر آپ اس کا پشتو میں ترجمہ بھی کر دیں کیونکہ اگر کسی کو یہ سمجھ آئے تو اور محظوظ ہوں گے کہ

انی پیوے تے ڈوری چڑھے تے آٹا کیوں نہ کھٹے۔

ضروری سمجھتے ہیں تو چھوڑ دیں تو خیر ہے یہ ویسے ہی وقت ضائع ہو گا۔ جناب! یہ صرف اس لیے ہے تاکہ ہم اس ماحول کو اتنا Tense نہ ہونے دیں۔ اس ماحول کو Tense ہونے سے بچائیں کہ جس کا یہ شکار ہیں کیونکہ بات ہمارے مشرق سے شروع ہوتی اور شمال کے کسی دوسرے کونے میں جاکر ختم ہوتی ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہم کسی کا Head and tail سمجھنے سے قاصر رہ جاتے ہیں۔ یہ بڑا اچھا موضوع تھا جناب والا! اور میں حزب اختلاف کے قائدین اور اراکین کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے یہ موضوع جو کہ بڑی اہمیت کا حامل تھا اسے آج کی بحث کے لئے منتخب کیا اور اس میں قابل قدر مقررین نے بڑی اچھی تقاریر کیں، بڑی اچھی تجاویز آئیں اور یہ بڑا ضروری ہے کہ ہم اسمبلی کے ایوان کے ذریعے حکومت کی کارکردگی کے مختلف پہلوؤں کا نوٹس لیں۔ جناب والا! عوام کی جان و مال کا تحفظ کسی بھی اچھی اور ذمہ دار اور جواب دہ حکومت کا اولین فرض ہوتا ہے اور سرحد اسمبلی نے اس اہم بحث کو زیر تجویز لا کر ایک قابل تحسین کام کیا ہے اور اس میں میرے بہت سے بھائیوں نے بڑے مثبت اور موثر انداز میں اپنا مؤقف پیش کیا اور بہت کم حضرات نے ان مشکلات کو بھی مدنظر رکھا جو Law & Order enforce کرنے والی ایجنسیوں کو درپیش ہوتی ہیں، کیونکہ یہ اس صوبے کا اجتماعی معاملہ ہے، جہاں ہماری شکایات ہوں گی وہاں اس کے ازالے کا اہتمام بھی ہونا ضروری ہے اور اس کے لئے قابل احترام اراکین کی رائے ہم سب کے لئے قابل ستائش ہے۔ یہاں زیادہ اعتراض پولیس کی کارکردگی پر ہوا اور جو ہم نے اپنی ناقص عقل سے سمجھ سکا، ہو سکتا ہے میرے سمجھنے میں غلطی ہو، میرے کہنے میں بھی کچھ ابہام ہو، مگر اکثر مبہم کی شکایات صوبے کی عمومی حالت پر نہیں تھیں۔ اگر کوئی شکایت تھی تو وہ غالباً انفرادی حیثیت سے زیادہ تھی اور اس میں اجتماعی عنصر کم تھا۔ مثلاً اگر کسی خطہ میں کسی ایک آنریبل ممبر اور کسی ایک سرکاری مشیر کا آپس میں گھریلو اختلاف ہے تو یہ گھر کی بات ہے گھر کی باتیں آدمی گھر میں نمٹاتا ہے۔ تاہم مجھے اس سے کوئی اختلاف نہیں اور میں اس بات کے حق میں ہوں کہ ممبران اپنی جائز شکایات کا اظہار کرنے کے لئے اس فورم پر آتے ہیں۔ جناب والا! مجموعی مفاد سے الگ اگر صرف اپنی ذاتی وجوہ پر بات کی

جائے تو پھر وہ عمومی بحث کے لحاظ سے اپنا وزن کھو دیتی ہے' البتہ ہم ان تکالیف کو اسمبلی کے دیگر فورم' دیگر رولز و قواعد' ایڈجرنمنٹ موشن' کال اٹینشن یا پریویلج موشن کے ذریعے سے بھی پیش کر سکتے ہیں' مجھے بڑی خوشی ہوتی کہ یہاں اس کی مثبت تجاویز پیش ہوتیں۔ جناب والا ! اس پوری بحث کے دوران ہمارے ایک قابل قدر ممبر جس کا یہاں حوالہ بھی دیا گیا' انہوں نے اپنے ضلع کے بارے میں مخدوش صورت حال کا اظہار کیا اور جناب والا! میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ جس وجہ سے یہاں یہ حوالہ دیا گیا میرے ایک آنریبل ممبر نے حوالہ دیا کہ حکومتی جماعت کا واک آؤٹ' حالانکہ حکومتی جماعت کا واک آؤٹ اس نوعیت کا نہیں تھا اور نہ ہم اس بات پر تکرار کرنا چاہتے ہیں کیونکہ **Issues are resolved and those issues which have been discussed and resolved should not be debated upon.** مگر میں اتنا عرض ضرور کروں گا کہ جہاں یہ ڈس کریڈٹ دینے کی کوشش کی جاتی ہے کہ ایک حکومتی جماعت کے رکن نے ایسا کیا تو وہاں اس جماعت کو کریڈٹ بھی دیا جائے کہ اس جماعت کے اندر جمہوریت کی روح کس قدر تازہ ہے' کس قدر جواں اور رواں ہے کہ وہاں اس جماعت کے ممبر اپنی پارٹی کے مفاد کے خلاف بھی بات کر جاتے ہیں---

(تالیاں) کیونکہ ہماری جماعت جناب والا معذرت کے ساتھ کسی ایک خاندان کی چھاپ کی جماعت نہیں ہے' وہاں عہدوں کی بانٹ دادا سے باپ' باپ سے بیٹا' بیٹے سے پوتا' پوتے سے پڑ پوتے پر نہیں جاتی' بھائی سے بہن کو نہیں جاتی' وہاں اس کے عہدوں کی تفریق عہدوں کی چناؤں کارکنوں کی مرضی سے اور کونسلروں کے انتخاب سے معاف کرنا میرا اس مراد کسی خاص جماعت پر تنقید کرنا نہیں' یہ میں اپنا موقف پیش کرتا ہوں اور جس جماعت کو آپ سمجھتے ہوں' اس کا میرے دل میں بڑا احترام ہے کیونکہ وہ میراث ہے' وہ جماعت میراث ہے' وہ میراث ہے ایک فلسفے کی اور اس میراث کو وہی چلا سکتے ہیں جو اس کے وارث ہوں' لیکن اگر دوسری جماعت بھی اس میراث کو اپنا سمجھے تو پھر مجھے معذرت کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ وہ میراث کیا تھی' پاکستان کو توڑنے کی پاکستان کو دو ٹکڑوں میں تقسیم کرنے کی' پاکستان میں منافرت اور منافقت پھیلانے کی' پاکستان میں طبقاتی جنگ پیدا کرنے کی' پاکستان کو مالک اور مزارع سے لڑانے کی پاکستان کے بستے گھروں کو اجاڑنے کی' تو ہر ایک کی اپنی اپنی سیاست ہٹ اور خدا اپنی سیاست سب کو نصیب کرے' میرا اس پر کوئی گلہ یا شکوہ نہیں ہے کیونکہ جب لوگ اس

سیاست کو پسند کرتے ہیں تو پھر وہ ان کا ساتھ دینگے اگر ہمیں ان سے کوئی اختلاف ہے تو ہم اپنے اختلاف کی سزا بھگتنے کو بر وقت تیار ہیں دوسرا جناب والا میں یہ عرض کروں کہ لاء اینڈ آرڈر پر جتنی بھی بات ہوئی، وہ لاء اینڈ آرڈر پر کم، معیشت اقتصادیت، کسی عدالت کا فیصلہ، کسی مجرم کی عدالت میں حاضری اور غیر حاضری کی بات، کسی ملک کی دولت کو لوٹنے والوں کے تحفظ کی بات، کسی کے محاسبے کی بات اوروہ تمام سیاسی باتیں جو کہ ہم اپنی عمومی بحث میں بھی کر سکتے تھے، چاہے وہ جنرل بجٹ پر ڈسکشن کی بات ہو یا اپنے پارٹیز کے فورم پر بات ہو یا ہم جب کبھی کبھی واک آؤٹ کر کے باہر جاتے ہیں اور اخباری نمائندے، ہمارے بھائی، جب ملتے ہیں تو وہاں بھی آپ اپنے موقف کا کھلا اظہار کر سکتے تھے مگر اسمبلی کا فورم آپ سے بہتر تجاویز کا طالب تھا اور مجھے یہ خوشی ہے کہ کچھ لوگوں کی جانب سے اچھی تجاویز بھی آئیں اور جو اچھی تجاویز نہ پیش کر سکے ان کا مقدمہ بھی عوام کی عدالت میں ہے اور لوگ یہ سمجھتے ہے کہ کون کیا بات کرتا ہے، جناب والا! یہ ایک المیہ ہے کہ پولیس چاہے کچھ بھی کرے، اس کو اس کا کریڈٹ نہیں جاتا اور جناب والا! میں اس ضمن میں یہ عرض کرونگا کہ جن دنوں میں پنجاب یونیورسٹی لاہور کا پریذیڈنٹ تھا اور وہاں ہمارا ایک طالب علم ساتھی جو اس وقت شام کے وقت ٹیکسی چلاتا تھا اور وہ ایک مختلف کہانی ہے کہ وہ ایسا کیوں کرتا تھا وہ بعد کی بات ہے، اس کی پولیس والے کے ساتھ تکرار ہوئی اور اس کی گاڑی بند ہو گئی جیسے کہ آپ سب لوگ اورخصوصاً جناب فرید طوفان صاحب اور آپ جن لوگوں کی ابتدائی زندگی کالجز اور یونیورسٹی کے ماحول میں گزری ہو انہیں اس کی خبر ہوگی کہ اس وقت کا طالب علم چاہے وہ گھر سے کتنا ہی کمزور اور غریب ہو، وہ اپنے آپ کو بادشاہ سمجھتا ہے وہ کہتا ہے میں ہی سب کچھ ہوں۔ تو جب ہم نے یہ احتجاج کیا اور ایک بڑا لمبا اور طویل احتجاج تھا اور جب ہم سیکرٹریٹ میں گئے تو وہاں اس سیکرٹریٹ کے گیٹ بھی بند ہو گئے تھے اور یہاں صوبہ سرحد میں بھی جناب اعظم صاحب آئی جی پولیس رہ چکے ہیں وہ اس وقت وہاں آئی جی پولیس تھے، ہم نے کہا جناب ہم آپ سے بات کرنا چاہتے ہیں کہ ہم ایس پی صاحب کو بھیجتے ہیں آپ ان سے بات کریں، ہم اس کانسٹیبل کو اور ہیڈ کانسٹیبل کو سزا دیتے ہیں جس نے آپ کے طالب علم بھائی کے ساتھ زیادتی کی تھی تو ہمارا جواب یہ تھا کہ آپ کون ہیں، یہ ہم ایس پی ویس پی کو کچھ نہیں سمجھتے، آئی جی خود باہر آئیں تو نتیجتاً آئی جی کو آنا پڑا، اس نے بات سنی۔ مگر جب بعد میں ہمیں یہ پتہ چلا اس سٹوری کا پتہ چلا کہ وہ ہمارا

طالب علم بھائی طالب علم تو ضرور تھا مگر طالب علمی کی آڑ میں وہ کیا کام کرتا تھا، ہمیں بھی اپنے کیے پر شرمندگی ہوئی اور جب ہم نے یہ ہڑتال کا نوٹس دیا تو مجھے اس وقت کے وائس چانسلر صاحب نے کہا تھا کو دیکھو اب تم تو یہ کہتے ہو مگر اندازہ لگاؤ اس سپاہی کا، اس وقت اس کی غالباً آٹھسو روپے تنخواہ تھی، کہ ایک آٹھ سو روپے ماہوار تنخواہ لینے والا سپاہی جب صبح سے شام تک ڈیوٹی دیتا ہے، دھوپ میں کھڑا رہتا ہے، بھوکا پیاسا ہوتا ہے، اس سے تم کیا توقع کرتے ہو کہ وہ اتنا شائستہ بن کر بات کرے گا، آخر وہ بھی انسان ہے، وہ بھی تنگ آ جاتا ہے اس لئے جناب والا، اس میں اچھے لوگ بھی ہیں، اس میں وہ لوگ بھی ہیں کہ جو کسی کے گھر حادثہ ہو، کسی کے گھر چوری ہو، کسی کا گرا ہوا پرس اس کے گھر تک پہنچاتے ہیں اور ان میں چند خراب لوگ بھی ہیں، جو لوگوں کو لوٹ بھی لیتے ہیں، اس لئے جناب والا، یہ ہمارا معاشرہ ہے اور یہ معاشرہ عکاسی کرتا ہے ہمارے اس ٹوٹل پروجیکشن کی۔ جناب والا میں صوبہ سرحد کی خوبیاں، دراصل موضوع یہ تھا کہ ملک بھر میں اور صوبے کے عمومی حالات تو اس میں جناب والا جتنی بھی باتیں ہوئیں میں پولیس اہلکاروں کی جانب سے اور پولیس کی اس خدمت سے، جناب والا! بحث کا موضوع تھا کہ ملک بھر میں اور ہمارے صوبے میں بھی امن و امان کی خراب صورتحال، بم دھماکے، اجتماعی قتل اور عصمت دری، چوریاں، ڈاکے، لوٹ کھسوٹ اور انصاف کے حصول سے محرومی کے نتیجے میں خودکشیاں اور اپنے آپ کو جلانے کے واقعات۔ اور جناب والا، میں اتنا عرض کروں گا کہ اس ایجنڈے کے بہت سے ایسے الفاظ ہیں جو غالباً پورے ملک کی بحث کو تو چھوڑیں، ہمارے صوبے کے لحاظ سے، یہ میں صرف ایک Collegiate بات کر رہا ہوں میرے وہ بھائی جن کا اس سے تعلق ہے، غالباً ان کو debatingable سمجھنے میں زیادہ آسانی ہو۔ ہمارے صوبے میں بم دھماکوں کی جو تشویش ناک حالت ہے۔ اجتماعی قتل اگر ہوئے تو ایک بڑی مثال نوشہرہ کے قتل کی تھی اور وہ بھی گھریلو معاملہ تھا اور جس کو فوری طور پر بھی حل کر دیا گیا۔ اور یہ بات کہ انصاف کے حصول سے محرومی کے نتیجے میں خودکشی اور اپنے آپ کو جلانا، جناب والا یہ تو ہو سکتا تھا کہ روزگار کے حصول کیلئے بیروزگاری کے خاتمے کے لئے، کسی کے بچے کو ملازمت دلانے کے لئے اگر خودکشی ہو تو یہ بات ہو سکتی ہے مگر انصاف کے حصول سے محرومی، تو جناب والا، انصاف سے کوئی محروم نہیں ہے، آج اس ملک کی اعلیٰ عدالتیں اس قدر طاقتور ہیں، اس قدر حصول انصاف میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں کہ ہر اس شخص کو جو عدالت کے کٹھرے میں

جاتا ہے، اس کو حکومتی نکتہ نگاہ سے الگ پراسیکیوشن کچھ کہے، پولیس کی سٹوری کچھ اور ہو، پراسیکیوشن کا اپنا کہنا مگر عدالتوں میں انصاف ملتا ہے اور میرے خیال میں یہ صوبائی حکومت کے خلاف کم اور غالباً عدالتوں کے خلاف زیادہ احتجاج ہے۔ اس لئے میں اس کی بھی نفی کرتا ہوں جو کہ اس وقت ایوان کے ایجنڈے میں شامل ہے۔ اس لئے جناب والا پولیس کا کردار اس صوبے میں اگر انتہائی قابل تعریف نہیں تو غیر اطمینان بخش بھی نہیں، کیونکہ ہماری صوبائی پولیس نے نامساعد حالات کے باوجود جسطرح کہ صوبہ گزشتہ چند سالوں سے بڑے مخدوش اور نامساعد حالات میں گھرا ہوا ہے اور جس کے افسران، جنرل امن و امان کی صورت حال کی وجہ سے پاکستان کے دیگر خطوں کی طرح، پاکستان کے دیگر علاقوں کی طرح یہاں بھی اس کے اثرات ہیں۔ مگر یہ ہمارا صوبہ اس لحاظ سے اس کی پہلی جنگ بندی اور پہلے فائر میں شامل ہے کہ یہاں افغان مہاجرین کی تقریباً پندرہ لاکھ تک کی آمد اور پھر اچھے مہاجرین کے ساتھ ساتھ ایسے لوگوں کی ان میں شرکت کہ جو اس ملک میں لاء اینڈ آرڈر کو خراب کرنے کا باعث بنتے ہیں، پھر جناب والا انصاف کے حصول میں دوسری رکاوٹ کے لئے **Extremely low conviction rate** میرے معزز بھائی جناب اورنگزیب اور دیگر میرے معزز وکلاء یہاں تشریف رکھتے ہیں اور جو مجھ سے زیادہ بہتر سمجھتے ہیں کہ کسی بھی عدالت میں قانونی کارروائی کو انجام تک پہنچانے کے لئے اور قانون کے تقاضے پورے کرنے کے لئے جب تک کلی طور پر اور جامع شہادت نہ ہوگی، اس وقت تک کسی ملزم کو سزا دینا ناممکن بن جاتا ہے **Low conviction rate** اب اس میں میں ججز کی بات نہیں کرتا، ہو سکتا ہے کہ پولیس کچھ گواہوں کے ساتھ خود مل جاتی ہے اور عین ممکن یہ ہے کہ فریق مقدمہ یا فریقین آپس میں ملکر گواہوں کو بٹھا دیتے ہوں، گواہوں کو پیش نہ کرتے ہوں، جہاں تک پولیس کی گواہوں کو نہ پیش کرنے کی بات ہے اس کے لئے صوبائی حکومت ذمہ داری قبول کرتی ہے کہ پولیس گواہوں کو پیش کرے مگر جو گواہ خود ہی اپنی ملی بھگت سے اپنی ایماء سے اور **Technical term** میں ہمارے کچھ دوست اسکو **Style Evidence** بھی کہہ دیتے ہیں **Style witness** بھی کہہ دیتے ہیں اگر وہ لوگ سامنے نہیں آتے تو یہ بھی انصاف کی فراہمی میں ایک رکاوٹ ہے پھر جناب والا! میں نے جیسے کہ عرض کیا اسلحہ کی بھرمار اور پھر **Institution** **weaknesses** اداروں میں کمزوری **Politicization** سیاسی مداخلت کی وجہ سے اداروں میں مداخلت اور سیاسی مداخلت کی وجہ سے اداروں میں کمزوری بھی ہماری انتظامیہ اور **Law**

Deputy پہلے میں کمزوری کا باعث ہے اور چوتھی بات جناب والا' اس سے and order Commissoner of the district was the captain of the team used to hold monthly meetings, calls all the adminstrative heads,judicial heads,magistrates and police and discuss matters.

اب ہماری ان نالائقیوں کے بعد وہ سٹرکچر' وہ ڈھانچہ جو کہ اس وقت ڈسٹرکٹ میں موجود تھا اسکا فقدان ہو گیا ہے۔

کیونکہ اختتام اجلاس کے بعد تو سب نے جانا ہے تو اکٹھے سب کا واک آؤٹ ہو جائے گا۔

جناب فرید خان طوفان: واک آوٹ به تاسو کوئی، مونږ نے ولے کوو۔

وزیر قانون: جی، ہم واک "O-capital"سے نہیں کریں گے ، واک O-capital" ہمارا نہیں ہوگا۔ "O مہو گا مگر Capital نہیں ہو گا۔ اسی طرح جناب والا! حزب اختلاف کی جانب سے آج میرے ایک محترم بھائی نے لاء اینڈ آرڈر پر تقریر فرماتے ہوئے وزیر اعظم پاکستان کے اخراجات کی جانب زیادہ توجہ دی۔ تھوڑی دیر کے لئے میں بھول گیا کہ یہ Fiscal, financial مسئلہ ہے یا لاء اینڈ آرڈر ہے کیونکہ زیادہ زور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کے اخراجات کی جانب دیا گیا۔ اخراجات کی تفصیل کا تو شاید آنریبل ممبر کو زیادہ پتہ ہو، مگر میں نے جو دیکھا ہے اور جو میرے علم میں ہے کہ میاں نواز شریف، ان وزیراعظموں میں سے ہیں، جو اپنی تنخواہ کا ایک پیسہ بھی وصول نہیں کرتے ہیں، حالانکہ یہ الگ بات ہے۔(تالیاں) یہ ان وزیراعظموں میں سے ہیں جو ایوان وزیراعظم کے کھانے پینے کے اخراجات اپنی جیب سے ادا کرتے ہیں اور یہ غالباً ان وزیراعظموں میں سے نہیں ہیں کہ جن کے شوہر نامدار نے ، شوہر عزت مآب نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم کا خاوند ہونے کی حیثیت سے، گھوڑوں کے اصطبل بنائے اور پولو گراؤنڈز بنائے۔ اس لئے جب ہم کسی پر اعتراض کرتے ہیں تو ہمیں تھوڑا سا اپنے گریبان میں بھی جھانک کر دیکھنا چاہیے کہ ہم کیا بات کر رہے ہیں؟ ہم کن کے

ساتھ تھے ؛ اور آج ہم اس وزیراعظم کے متعلق بات کر رہے ہیں کہ جس کا دامن صاف ہے، جو اپنی تنخواہ نہیں لیتا، اور جو اپنا خرچہ اپنے جیب سے ادا کرتا ہے۔ اس لئے جناب والا! میں اصلاحِ ریکارڈ کے لئے یہ بات کرتا ہوں۔ پھر جناب یہاں وزیراعظم کے علاوہ اب چونکہ اس کا چھوٹا بھائی ہے وہ کیسے بخشا جا سکتا ہے، پھر وہ بھی پنجاب کا وزیراعلیٰ، تو جب تک ہم نفرت کی بات نہ کریں تو غالباً اللہ تعالیٰ کے حضور شاید ہمارا روزہ پورا نہیں ہوتا، اس لئے ہم نے پھر یہ بھی کہہ دیا کہ وزیراعلیٰ شہباز یہ کررہا ہے۔ جناب والا! یہ انتظامیہ اور عدلیہ کی -----

جناب فرید خان طوفان: ہمیں ذرا سمجھائیں کہ وزیر اعلیٰ شہباز کا نام کس نے لیا ہے؟ یہ کیا ہے، یہ کس کا ذکر کر رہے ہیں؟

جناب قائمقام سپیکر: آپ، پلیز۔

وزیر قانون: اچھا، وزیراعظم کا تو کسی نے لیا ہو گا، یہ ایک اچھی بات ہے۔ یہ ایڈمٹ کر گئے، شہباز کو میں نے جان کر Leading question کیا تھا کہ ممکن ہے آپ اُٹھ کر یہ کہہ سکیں کہ کیا ہم نے نام لیا تھا۔ (قہقہے) .So it is adimitted کہ بات صرف .... قہقہہ)، مہربانی۔

جناب قائمقام سپیکر: بعض خیالوں کو بھی پڑھا جاتا ہے، ایسی بات نہیں ہے۔

وزیر قانون: جناب والا! اور یہ وہ لوگ تھے، جناب والا! کرسی پکی جو ہے تو غالباً یہ وہ کرسی ہے۔ میاں صاحب یہ غالباً وہی کرسی ہے کہ جو ہر وقت پکنے کے انتظار میں رہتی ہے اس کو کوئی آتے ہی قبول نہیں کرتا۔ غالباً اورنگزیب صاحب کی یہ خواہش ہوگی کہ اگر آئندہ کبھی ان کی حکومت بنے تو بیگم صاحبہ اس طرف دھیان کریں کیونکہ میں جب بھی کوئی بات کرتا ہوں، یہ اپنا ذکر کرتے ہیں تاکہ Future Law Minister بیگم صاحبہ، اگر آپ کا اختیار ہو تو میری بھی یہ سفارش ہوگی کہ جناب اورنگزیب خان سے بہتر آدمی آپ کو نہیں مل سکے گا-----(قہقہے)

جناب قائمقام سپیکر: کیا آپ کا جانے کا کوئی ارادہ ہے؟---(قہقہہ)

وزیر قانون: کیونکہ آپ ہمیں بھیجنے والے ہیں۔

جناب قائمقام سپیکر: کیا اورنگزیب کو بھی،---

وزیر قانون: نہیں، ہمارا ارادہ تو نہیں ہے، آنے والے، جو آتے ہیں، وہ ارادے لیکر آئے

ہیں۔ ہاں اگر اورنگزیب صاحب ہمارے ساتھ آتے ہیں تو میں جانے کا تو نہیں، مگر یہ ہے کہ کچھ باتوں پر سوچا جا سکتا ہے۔ مگر اورنگزیب خان ایک بااصول آدمی ہیں وہ اپنی پارٹی چھوڑ کر نہیں آئیں گے۔

جناب قائمقام سپیکر : اورنگزیب خان ایک اچھے شاعر ہیں۔

وزیر قانون : اورنگزیب خان ایک بہت بااصول آدمی ہیں، آپ ان پر کیوں قدغن لگاتے ہیں، شکوک آپ نہ ڈالیں، ہم نے ان کو نامزد قرار دیا ہے کہ اگر موقع ملا تو وہ ضرور آئیں گے۔

جناب محمد اورنگزیب خان : انہیں کھینچ کر ہٹانا پڑے گا ورنہ شرافت سے نہیں ہلتے جی۔

(قہقہے)

وزیر قانون : اچھا جناب میں تو سمجھا تھا کہ اورنگزیب خان بڑے شریف آدمی ہیں لیکن اگر وہ شریف کے علاوہ کچھ اور بھی ہیں تو پھر جناب ہم تو ان کا حق مانتے ہیں۔

جناب محمد اورنگزیب خان : میں بھی یہی سمجھ رہا تھا آپ کے بارے میں؛ آپ صحیح تھے میں غلط تھا۔

وزیر قانون : (قہقہہ) کیونکہ پھر تو جناب ہم *+ کا مقابلہ تو نہیں کر سکتے ہیں، ہم تو بڑے عاجز لوگ ہیں۔ اور خاص طور پر اگر کوہاٹ سے کوئی *+ آ جائے تو پھر تو ہم ویسے بھی ہزارہ کے کمزور لوگ ہوتے ہیں۔

جناب بشیر احمد بلور : ویسے یہ *+ کا لفظ' بری بات ہے۔

وزیر قانون : نہیں جناب' یہ لفظ ہٹا دیں۔

جناب قائمقام سپیکر : میرے خیال میں وہ خود بھی چاہیں گے کہ Expunge کردوں۔

وزیر قانون : جی جی' یہ نہ ہو۔ یہ نہ ہو۔ باقی صاحب وہ شرافت پر آئیں تو Rarely وہ بھی اس میں آ جاتا ہے۔ تو ٹھیک ہے یہ بات بڑی مناسب ہے کہ یہ لفظ ہٹ جائے۔

جناب قائمقام سپیکر : میں شرافت کو ہاؤس سے Expunge نہیں کروں گا *+ کو کر دوں گا۔

وزیر قانون : *+ کو کر دیں، *+ کو آپ کر دیں ضرور' The word *+ should be expunged from the note. ' جناب والا ! -----

Mr.Acting Speaker : From your speech Sir, not from the House.

بحکم جناب سپیکر صاحب حذف کیا گیا۔

وزیر قانون : جی میں سپیچ میں ہی کر رہا ہوں، میں آپ کے صبر کو بھی داد دیتا ہوں کہ جب ہم بات کرتے ہیں تو کچھ اور، باقی جو جی چاہے، جس کا جی چاہے، جو چاہے۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر : ہم حاضر ہیں، ہم انشاء اللہ آج اگر آپ چاہیں تو ہم نماز بھی یہاں پڑھوا سکتے ہیں۔

وزیر قانون: جناب والا!

آپ کہتے ہیں تو مان لیتے ہیں ۔ ورنہ وعدے وفا نہیں ہوتے
ہم سمجھتے ہیں اپنی مجبوری (ہم کسی سے خفا نہیں ہوتے

آپ جو چاہیں۔

جناب قائمقام سپیکر : آپ کتنے مجبور ہیں۔

وزیر قانون : میاں افتخار صاحب! تھوڑا سا اس پر اب کچھ ہو جائے۔

میاں افتخار حسین : دوی وانی چه شعر راته اووایه --(قہقہہ)

جناب ڈپٹی سپیکر : اصل میں جدون صاحب کو اپنی تقریر کے دوران کچھ آرام بھی چاہیے ہوتا ہے، تو پلیز۔

میاں افتخار حسین : سپیکر صاحب! یو شعر دے چه وائی،

خدا مجھ کو ایسی خدائی نہ دے۔ کہ اپنے سوا کچھ دکھائی نہ دے۔
خدا ایسے احساس کا نام ہے ۔ رہے سامنے اور دکھائی نہ دے

وزیر قانون : واہ واہ، سبحان اللہ رہے سامنے اور دکھائی نہ دے۔ اب اس کے بعد میرے بھائی اورنگزیب صاحب بھی کچھ کہیں گے۔ (قہقہے)

جناب قائمقام سپیکر : اورنگزیب خان! اب اجازت ہے، کوئی شعر ہو جائے۔

وزیر قانون : چلیں جی، اچھا مہربانی شکریہ جناب ۔ جناب والا! اگر یہاں ۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر : اگر انصاف کا تقاضا ہو۔۔۔۔

جناب محمد اورنگزیب خان : سپیکر صاحب! آپ کے منہ میں بات ہے، میرا خیال ہے ان کے پاس کوئی باتیں نہیں ہیں، خیالات نہیں ہیں کوئی بات تقریر میں کہنے کو نہیں ہے، تو ہمیں دعوت دیتے ہیں۔ میں ایک شعر پڑھتا ہوں جناب آپ کے لئے ۔۔۔۔(قہقہے)

دائرہ بھی تیرے باہوں کا بھنور لگتا ہے۔
اب تو مجھ کو تیری چاہت سے بھی ڈر لگتا ہے۔

(قہقہے)

<u>وزیر قانون</u> : جناب ! ایک فائدہ ضرور ہوا ' آج کی اس تقریر کا اگرچہ میرے پاس غالباً ان کے حساب سے بات کرنے کیلئے نہیں تھی اور پھر میرا ظرف دیکھئیے کہ میں ان کو بار بار موقع دیتا ہوں مگر اب پتہ چل گیا کہ میں ڈروں گا نہیں ' پہلے *+ والے لفظ سے ' اس لئے کہ اب تو یہ مجھ سے ڈرنا شروع ہوگئے ہیں ' اس لئے اب میرا ڈر ختم ہوگیا ہے۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u> : جناب جدون صاحب ! انصاف کا تقاضا ہے کہ دو شعر اپوزیشن نے کہے ہیں تو کم ازکم دو آپ کی جانب سے بھی ہونے چاہیئں ورنہ پھر سپیکر پر الزام آئے گا تو دو اشعار آپ کی جانب سے بھی آنے چاہیئں۔

<u>وزیر قانون</u> : جناب میں نے ایک شعر آپ کی خدمت میں عرض کردیا ہے اور آخر میں بھی کروں گا ، فکر نہ کریں----(قہقہے) کیونکہ وہ دو ہیں' چار ہیں ' میں ایک ہوں تو میرا ایک جو ہے وہ تینوں کے لئے کافی ہے مگر اس کے باوجود بھی میں جاتے ہوئے آپ کی خدمت میں کچھ عرض کرجاؤں گا ، کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ جناب ! یہاں صوبے کی ترقیاتی باتیں ہوئیں۔ یہ کہا گیا کہ فلاں صوبہ یہ کر رہا ہے۔ اس صوبے میں اتنی ترقی ہو گئی ہے ' حالانکہ آج کی ہماری بحث ترقیاتی منصوبوں پر نہیں تھی لاء اینڈ آرڈر پر تھی۔ ہمیں یہ خوشی ہوتی کہ یہ کہا جاتا کہ فلاں صوبے میں بدامنی زیادہ ہے آپ کےصوبے کے مقابلے میں اس صوبے میں زیادہ ہے تو خوشی تو نہ ہوتی بلکہ کم ازکم Debate کے نکتہ نگاہ سے Our province could have scored one point ' مگر ہم نے یہاں پھر وہ لمبی تقریر شروع کر دی ترقیاتی کاموں کی کہ فلاں صوبے میں اتنا ترقیاتی کام ہوا ہے تو جناب والا جو صوبے وہاں ترقیاتی کام کرتے ہیں ان کے اپنے وسائل ہیں' وہ وہاں کام کرتے ہیں وہ ٹیکسیز لگاتے ہیں۔ ان کی جوابدہ اسمبلیاں ہیں۔ ہماری بھی یہ خواہش ہے کہ ہم اپنے صوبے میں اپنے مالیاتی نظام کو اس قدر مستحکم کریں ' اس قدر مضبوط کریں کہ ہم بھی اپنے صوبے کے لوگوں کو اپنے وسائل کے مطابق ' اپنی حدود میں رہتے ہوئے ان کو وہ سہولیات دے سکیں۔ اگر کسی کا گھر اچھا بن گیا ہے تو ہمیں اس پر جلنے کی بجائے خوشی کا اظہار کرنا چاہیئے اور کوشش کرنی چاہیئے کہ ان سے سبق لیکر اپنے گھر کو بھی ٹھیک کریں اور ہمارے محض جلنے ، کوسنے اور طعنے دینے سے تو بات نہیں بنے گی۔جناب والا ! یہاں ذکر ہوا کہ عدلیہ اور انتظامیہ کے ساتھ موجودہ حکومت کا رویہ' اگرچہ یہ بھی ہماری بحث کا موضوع نہ تھا۔ مگر کیا مجھے وہ بتاسکیں گے کہ جب وہ لوگ اقتدار میں تھے' یہ اچھی

بحکم جناب سپیکر صاحب حذف کیا گیا۔

مثال نہیں ہے، تو عدلیہ کے ساتھ کیا رویہ ہوا؟ عدلیہ کی اس دور کی ساتویں ترمیم کے بعد کیا عدلیہ کے اختیارات مسلب نہیں کئے گئے تھے؟ اور اگر یہ دور آیا ہے تو عدلیہ کے ساتھ نہیں بلکہ Legislature کو مضبوط کرنے کے لئے آٹھویں ترمیم کا خاتمہ ہوا تاکہ Legislature مضبوط ہو اور گورنمنٹ کے تمام ادارے اپنی اپنی جگہ پر Function کریں۔ یہ تمام ادارے اس حکومت اور اس ملک کے ادارے ہیں ہمیں تمام اداروں کا احترام کرنا چاہیئے اور کسی کے کمزور ہونے سے اور کسی کے ناتواں ہونے سے اس ملک اور قوم کو فائدہ نہیں ہے، ہمیں چاہیے کہ اس منافرت کو اور ان اختلافات کو ختم کرتے ہوئے ایسا ماحول پیدا کریں کہ ملک کے تمام ادارے اپنے اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے، اپنے اپنے اختیارات میں رہتے ہوئے، ملک اور قوم و عوام کی بھلائی کے لئے اپنی خدمات سرانجام دیں۔ جناب والا! صوبے میں لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے اس بات کی کہ حالات تسلی بخش ہیں میں اور زیادہ تو شاید نہ کہہ سکوں مگر ایک بات میں آپ کے گوش گوار ضرور کروں گا۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! معافی چاہتا ہوں اگر ڈسٹرب نہ کروں تو میں یہ عرض کر دوں کہ ساڑھے بارہ بج گئے ہیں، جمعے کی نماز کا بھی ٹائم ہے اور میرے خیال میں ابھی تک ان کے پاس کافی لمبا موضوع ہے تو میں درخواست کرتا ہوں کہ اس کو Sum up کردیں۔

وزیر قانون: اچھا جناب والا! میں Concede کرتا ہوں، میں آپ کے حکم کی تعمیل کرتا ہوں۔ میں ایک دو منٹ میں اپنی بات کو پورا کرتا ہوں، یہ میں آپ کی حکم کی تعمیل کرتا ہوں۔ جناب میں تعمیل کرتا ہوں۔

جناب فرید خان طوفان: جناب سپیکر صاحب! د جدون په ذهن کښې پرو جمعه وه، نن جمعه نه ده۔

وزیر قانون: نہیں، میں عرض کرتا ہوں۔ اچھا جناب والا! چونکہ آپ مجھ پر مہربان تھے۔ میں اپنی تقریر کا اختتام کرتا ہوں، مگر آخر میں یہ چاہوں گا کہ اب چونکہ ساڑھے بارہ ہو چکے ہیں تو میرے معزز بھائیوں نے اس لئے اس کو ----

سردار مہتاب احمد خان (وزیراعلیٰ): جناب سپیکر!

جناب قائمقام سپیکر: جی، لیڈر آف دی ہاؤس۔

وزیر اعلیٰ : میں، آج کا جو ایجنڈا میز پر ہے۔ لاءمنسٹر صاحب تو اپنی بات کررہے ہیں لیکن میں ضرورت محسوس کرتا ہوں اور اس ایجنڈا پر میں خود بھی بات کرنا چاہوں گا، تو اگر آپ مناسب سمجھیں تو اس پر Monday کے دن اس کو Wind up کرلیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر : بالکل آپ چاہیں تو بات ضرور کیجئے۔ لیڈر آف دی ہاؤس یا لیڈر آف دی اپوزیشن تو ہر وقت بات کرسکتے ہیں۔

وزیر اعلیٰ: نہیں، میں چاہتا ہوں کہ چونکہ یہ بہت اہم موضوع ہے اور مجھے اس کا احساس ہے کہ، یہ ایسا موضوع ہے جس پر بہت گفتگو ہوئی لیکن، میں ضرورت محسوس کرتا ہوں کہ اس کا خود جواب دوں تاکہ جو غلط فہمی ہے یا جن خیالات کا یہاں پر اظہار ہوا ہے اس کو میں صاف کرنا چاہتا ہوں۔

جناب قائمقام سپیکر : ٹھیک ہے جی۔

وزیر اعلیٰ . تو اس لئے اس پر میں Monday کو بات کروں گا۔

جناب قائمقام سپیکر : Monday کو اسی موضوع پر آپ ضرور بات کیجئے۔ جدون صاحب! آپ نے اپنی تقریر ختم کرلی ہے؟

وزیر قانون : میرے بھائیوں کا یہ اصرار ہے، میں نے کہہ دیا ہے کہ میں جناب آخر میں صرف یہ کہنا چاہتا تھا صرف ایک آخری بات ہے ایک منٹ میں صوبے کی (مداخلت) نہیں اب شعر کے علاوہ کچھ کام کی بات بھی کرلیں۔ --(قہقہہ) شعروں سے بات نہیں بنتی ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: جناب جدون صاحب ! میں نہیں سمجھتا ------

وزیر قانون : جناب والا! گزارش یہ ہے کہ میں آخری بات کروں گا جناب ' ایک منٹ ں ختم کروں گا۔ کہ صوبے کی اطمینان بخش صورتحال لاء اینڈ آرڈر کے لحاظ سے ہرے اس حوالے سے جس کے آپ Witness ہیں، جس کا آپ ایک ثبوت ہیں۔ آپ ۔ فرمائیں گے کہ میں نے سپیکر کی ذات کو ملوث کرلیا ہے، میں معذرت کے ساتھ یہ ں کروں گا کہ اس لاء اینڈ آرڈر میں آپ کی ذات بھی ملوث ہے ' اس لئے کہ صوبے مثالی نظم ونسق تھا، کوئی پریشان کن حالات نہیں تھے جس کی وجہ سے صوبے کے نر بیرون ملک چلے گئے ہیں اور پھر سپیکر جو تھے وہ ایکٹنگ گورنر بنے اور اس وجہ سے ہمارے قائمقام سپیکر بنے تو اس لئے جناب والا ! اگر لاء اینڈ آرڈر خراب ہوتا، مخدوش بُرا ہوتا تو کم ازکم صوبے کا سربراہ صوبے کا گورنر ملک سے باہر نہ جاتا۔

جناب فرید خان طوفان ؛ جناب والا! اس میں یہ ایک اضافہ کریں کہ اسلئے وزیراعلیٰ صاحب صوبے سے باہر رہیں۔

وزیر قانون ؛ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ صوبے کے وزیراعلیٰ بھی اگر صوبے سے باہر جائیں تو اس ملک میں لاء اینڈ آرڈر بالکل درست ہے، یہ ہماری اس بات کا ثبوت ہے۔ اگر تشویشناک حالت ، اور اب جیسے کہ انہوں نے محسوس کیا ہے کہ انہوں نے آپ کی بات کا جواب دینا ہے تو وہ حاضر ہوئے ہیں۔ شکریہ جناب والا ، میں تمام بھائیوں کا اور ارکان اسمبلی کا بھی شکرگزار ہوں۔

جناب قائمقام سپیکر ؛ جناب جدون صاحب ! آپ کا بہت شکریہ - The sitting is adjourned till 9.30 a.m of Monday morning ,the 7th June 1999.

Thank you.

(اسمبلی کا اجلاس 7 جون 1999بروز پیر ساڑھے نو بجے صبح تک کیلئے ملتوی ہو گیا)